چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب والا میں دریافت کرنا چاہوں گا کہ کیا ایک گریڈ

سے لے کر سولہ گریڈ تک آج تک کوئی لسٹ بنی ہی نہیں یا کوئی interim لسٹ تھی کیونکہ فائنل لسٹ آپ بتا رہی ہیں کہ تیار ہو رہی ہے، کیونکہ جھگڑے ہیں تو کیا منسٹری آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر میں آج تک گریڈ 1 سے 16 کی کوئی لسٹ بنی ہی نہیں تھی اور اگر بنی نہیں تھی تو اس کی کیا وجوہات تھیں۔

سیدہ عابدہ حسین ، جناب والا ، منسٹری آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر نے اپنی سینیارٹی finalise کی ہوئی ہے اور اس کا roster of appointments, promotion and transfers cadrewise وہ سب according to the Establishment Division's instructions of 1973 وہ maintain کیا ہوا ہے۔ اب جو اس وزارت کے مختلف شعبے ہیں، ان میں جو مختلف پرسنل ہیں، ان کی rationalisation اور ان کے کیڈر میں within cadre promotion کو examine کیا جا رہا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب والا! سوال کا جواب تو نہیں آیا۔ میں تو rationalisation یا میں jugglery of tongue میں نہیں پڑنا چاہتا۔ میں نے تو سیدھا سادہ سوال پوچھا تھا کہ کیا آج تک وزارت خوراک و زراعت میں ایک سے سولہ گریڈ تک کے ملازمین کی سنیارٹی لسٹ بنی ہے کہ نہیں بنی۔

سیدہ عابدہ حسین۔ جی ہاں میں نے عرض کیا کہ بنی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ وہ کہہ رہی ہیں کہ بنی ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ اگر بنی ہے جناب والا ! تو پھر یہ کیوں کہہ رہی ہیں کہ یہ finalise ابھی نہیں ہوئی۔

سیدہ عابدہ حسین۔ نہیں جی میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ان کی لسٹ تو بنی ہوئی ہے maintained ہے according to rule لیکن ایک ایسی situation develop ہوئی تھی past کی جو کہ ہم نے analysis کیا ہے ۔ جس میں ان کی promotions and moveover کے کچھ کیسز ہیں جو کہ disputed ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ promotion and moveover تو الگ چیز ہیں لیکن سنیارٹی تو بالکل الگ چیز ہے ۔

سیدہ عابدہ حسین۔ سنیارٹی لسٹ جناب سینیٹر صاحب موجود ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔جی اعتزاز احسن صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین! آپ دیکھ لیں کہ وزیر صاحبہ فرما رہی ہیں کہ finalise نہیں ہوئی ۔ ایک جگہ فرما رہی ہیں کہ موجود ہے لسٹ۔ پھر کیا وہ لسٹ فائنل ہے یا نہیں ہے۔ سرکولیٹ کی ہیں یا نہیں کی ہیں، کس حد تک ان میں جو انٹریز ہوئی ہیں وہ pending ہیں یہ بالکل What she is saying now contradicts, Mr. Chairman ,what she has said in her written formal Answer آپ خود دیکھ لیں پہلا جواب اس سوال کا ۔

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman , I have made absolutely no contradiction. I am saying that the seniority list of the staff BPS-1 to 16 is being maintained by this Ministry. Mr. Chairman as regards officers, such as Section Officers, Deputy Secretaries, it is being maintained by the Establishment Division. The Economic Wing of this Ministry is headed by Economic Consultants, Research Officers who are in basic scale 17, Deputy Directors in basic scale 18 and Directors in basic scale 19. Mr. Chairman, most of these officers belong to the Planning and Development Division and the seniority list of this cadre is maintained by that Division. A few research officers are on the strength of this Ministry and their combined seniority is being determined after merger of various wings. This is a matter which anybody, who has dealt with establishment in any organization, would understand that it is in process of being finalized a solution is in process of being made, so that the discontentment that we have found , that existed in the Ministry because nobody had attended to these problems, is done away with.

Ch. Aitzaz Ahsan: Therefore, Mr. Chairman there is no seniority list.

Syeda Abida Hussain: There is a seniority list.

Ch. Aitzaz Ahsan: Therefore, she is still seeking, the Ministry is seeking to find solution to the anomalies.

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman, if the honourable Leader of the Opposition chooses to be obtused that is noting I can do about it, because the officers are from different sections. This is the Ministry which has different sections with different disciplines, there is Livestock, there is Forest, there is Food and there is Agricultural Planning. Therefore, there are lists of seniority which are maintained within each section. Now when it comes to issues of promotion, that has to be rationalised, evaluated in accordance with respective merit of each officer that is the process which is being undertaken.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Next question 108.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جواب نہیں ہے جی۔

Mr. Deputy Chairman: Is there any information?

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ منسٹر صاحبہ بتائیں گی کہ 108 کا جواب کب آئے گا جی۔

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman, information is being collected and as soon it is received that will be placed on the table.

Dr.Safdar Ali Abbasi: Expected on next Rota day.

Syeda Abida Hussain: Next day

Mr. Deputy Chairman: Question No 109 Answer .... yes

109. ***Syed Iqbal Haider** : Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state whether the institutions of the establishment division

have been obsereved while declaring surplus the posts of various grades in the Ministry?

Syeda Abida Hussain: Yes.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ میں وزیر صاحبہ سے یہ پوچھنا چاہوں گا جی کہ انہوں نے اپنےجواب میں کہا ہے yes میں ان سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ various grades کی کتنی surplus posts ہیں جی۔

سیدہ عابدہ حسین۔ جناب والا! یہ list موجود ہے 123 posts surplus ہیں اور اس میں ایک Consultant کی post ہے، تین Deputy Secretaries ہیں، ایک Dy Agriculture Commissioner ہے، ایک Dy Secretary ہے، ایک Dy AHC ہے، ایک Assistant Chief, Assistant AHC (Animal Husbandry Commissioner) Dy Director, One S.O., R.O. One P.S., Superintendent, Accountant, Stenotypist, Assistant Field Investigator, Draftsman, U.D.C., L.D.C. Driver, Qasid, Naib Qasid , Frash, Chowkidar, one hundred and twenty three.

Mian Raza Rabbani: Sir, would the honourable Minister be kind enough to state as to what exactly were the instructions of the Establishment Division , No.1. And No.2, as to what procedure was subsequently adopted?

Syeda Abida Hussain: Mr . Chairman , the instructions of the Establishment Division resulting from a Cabinet meeting held on the 25th of November, 1996 which approved and revised the strength of officers of 31 Divisions of the Federal Secretariat which included the Ministry of Food and Agriculture. According to these instructions 123 posts , I just mentioned , were declared surplus.

Mian Raza Rabbani: ' A' has not been answered. ' B', if the Minister was just to read the brief that was given, she could have given it to me,

I would have read it. But the point is what were the instructions of the Establishment Division. I want to know exactly what were the instructions and then subsequently what procedure was adopted?

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman, the instructions of the Establishment Division were that, "officers that were not recruited strictly in accordance with rules, strictly in accordance with merit, strictly in accordance with requirements of the functioning of the Ministry, those officers who were considered to be redundant to the purposes of running government efficiently, lists should be made up in the Ministries and they should be put in a surplus pool". And this is what was done in all ministries including the Ministry of Food and Agriculture in which 123 officers were rendered surplus to the requirement of this ministry.

Ch. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, supplementary, sir, the question is 123 we know were declared redundant and then the Honourable Minister said that the instructions were that it should be determined who are redundant, who have been recruited against rules etc. My question is, as per the instructions which authority was to determine that and, in fact, in actual fact which authority did determine this fact whether a person had been wrongly recruited or was not qualified at the time of recruitment. Whether those persons were given a hearing or a show cause notice and whether an appeal was provided against the action taken against those employees who were thus declared redundant, 123.

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman, none of these officers have been terminated. So all of the procedure that the illustrious Senator has pointed out do not come into effect because there has been no termination. Simply a list

provided to Establishment Division by the Secretary of the Ministry, as Secretary of ministry appraising alongwith ,I am sure ,the relevant personnel in the ministry that staff which is surplus to requirement of effective functioning of the ministry. However, this staff has been defined as surplus but there has been no move in terms of termination of their services. I am sure that as and when such a move is made, all procedures that are required strictly in accordance with the law would be followed.

Mr. Deputy Chairman: Next Question 110.

110. * Mr. M. Akram Zaki: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state :

(a) the names and place of posting of non career Ambassadors and High Commissioners appointed from November, 1993-to November, 1996;

(b) whether any of the said head of missions, whose contract expired with the dismissal of the PDF Government are still serving abroad, if so, their names and places of posting; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to re-call these Ambassadors/High Commissioners ?

Mr. Gohar Ayub Khan : (a) The requisite information is attachedas Annex A.

(b) Yes, there are some Heads of Missions who are still serving abroad after the dismissal of the PDF Government however, their contracts have been terminated and they are likely to relinquish charge soon, List of such Ambassadors/high Commissioners is attached as Annex B.

(c) Since contracts of almost all the non career

Ambassadors/High Commissioners have been terminated, most of them have relinquished their charge however, the remaining are likely to do so soon. Annex A.

S.No.	Name	Place of posting.
1.	Dr. Maleeha lodhi.	Washington.
2.	Lt. Gen. (R)R.D.Bhatti.	Pyangyong.
3.	Mr. Amanullah Gichki.	Male.
4	Mr. Tanvir A. Khan.	Moscow.
5.	AVM Abbas H. Mirza.	Rangoon.
6.	Maj. Gen. (R) Rashid Beg.	Sarajevo.
7.	Mr. Wajid Shamsul Hasan.	London.
8.	Mr. Zia Isphani.	Berne Room.
9.	Adm. (R) saeed m.Khan.	The Hague
10.	Dr. Masuma Hasan	Vienna
11	Mr. Abdul Razak Simroo.	UAE
12.	Hafiz Muhammad Yousaf	Accra
13.	Malik Sikandar Khan.	Kampala
14.	Lt.Gen. (R)Humayun Khan Bangash	Ankara
15.	Prof.Shakeela Khanam.	Oslo.
16.	Mr. Jalaluddin	Niger
17.	Vice Adm. Shamoon Alam Khan	Tunis.
18.	Khawaja Shahid Hussain	Paris(UNESCO)
19.	Mr. Shahid M.Amin	Riyadh
20.	Mr. Mukarram Javaid Syed	Lagos
21.	Lt.Gen. (R) Saeed-uz-Zaman Janjua	Brunei Dar Salam
22.	Lt.Gen. (R) Asad Durrani.	Bonn.

ANNEXURE 'B'

S.No.	Name	Place of posting.
1.	Lt. Gen. (R)R.D. .Bhatti	Pyangyong
2.	Adm. (R) Saeed M.Khan.	The Hague
3.	Dr.Masuma Hasan.	Vienna
4.	Hafiz Muhammad Yousaf.	Accra
5.	Malik Sikandar Khan.	Kampala
6.	Lt.Gen. (R) Humayun Khan Bangash	Ankara
7.	Mr. Jalaluddin	Niger
8.	Vice Adm.Shamoon Alam Khan	Turnis
9.	Khawaja Shahid Hussain.	Paris (UNESCO)
10.	Lt.Gen. (R)Asad Durrani.	Bonn.

Mr. Deputy.Chairman: Mr.Aitzaz Ahsan.

Ch.Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman this question relates to the posting of non career Ambassadors.

Mr. Muhammad Akram Zaki: Sir it was my question to which the answer was given and I was going to ask him supplementary so I should have been permitted.

Mr. Deputy.Chairman: Yes Zaki sahib,

Mr. Muhammad Akram Zaki: Sir the question that was asked was about the non career Ambassadors appointed from 93 to 96 and I am grateful to the Minister for giving the names and details. Now in the non career Ambassadors come all those who are not regular members of the service. Even the retired members of the service who are appointed subsequently are non

career Ambassadors and as such they are all political appointees. Sir political appointees are all given a contract appointment and their contract is generally for two years as the Minister already stated, but it comes to an end with the termination of the government that appoints them. My question was and the answer also contains that ten of those who were appointed by the previous government on political grounds , are still in office, although their contract should have come to an end on the 5th of November 1996. Their appointment has to be regularised till they leave. So far they are irregularly holding these offices.

Mr.Deputy Chairman: Yes

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman , the Senator is absolutely correct, the contracts for these Ambassadors state quite clearly that when the appointing authority ceases to be, the contract automatically terminates. Now if Ambassadors are clinging to their posts, it is regrettable. I think its a measure of the graciousness of the Prime Minister that he has not acted , infact , he has allowed the Ambassadors, trying to themselves understand that they have outlived their utility.

Mr.Deputy Chairman: Yes, Khawaja sahib.

Khawaja Qutubuddin: As far as I believe that the appointing authority is the government of Pakistan, the President of Pakistan and then how will the Minister explain? How does the contract is expired, she should explain that and the second part of my question is; can she name those ten people or whatever number of Ambassadors who are still serving on these posts and who are about to relinquish their positions? Can she name all the ten which still are serving?

Mr. Deputy Chairman : Yes Minister sahiba,

Syeda Abida Hussain: Mr. Chairman list is given alongwith the answer. As far as the appointment is concerned, appointment is made by government Mr. Chairman, and the contract said that when the appointing authority ceases to be, the contract automatically terminates. Now if an Ambassador does not read their own contract and they are not coming, have not returned as they ought to have done then government obviously has to look into the matter and remind them that they must return home and in some cases Mr. Chairman, the contracts are expiring in May, so Ambassadors such as Gen. Asad Durrani for instance wanted to remain till May, such as Masooma Hassan for instance wanted to remain till May, such as Khawaja Shahid Hussain for instance they wanted to remain till May and Prime Minister was gracious, alright they may remain till May and I am sure that contract's actual requirements would have been honoured by an extension upto the date that the Ambassador is pleased to return.

ایک معزز رکن ۔ جناب والا ! اس سوال کے منسلکہ (بی) میں نمبر شمار 10 پر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) اسد درانی صاحب کا نام ہے جو بون میں ہمارے سفیر ہیں ۔ جنرل اسد درانی صاحب کے بارے میں، جہاں تک ہم سب کی معلومات ہیں کہ انہیں فوج سے ریٹائرمنٹ دے دی گئی تھی۔ ان سے کہا گیا تھا کہ آپ ریٹائر ہو جائیں ۔ ایک ایسا شخص جسے فوج کا سربراہ خود ریٹائر ہونے کے لئے کہے یقینا" اس سے کوئی بڑا جرم سرزد ہوا ہوگا۔ جو شخص اپنے بنیادی ادارے سے غداری کرتا ہے اور جرم کا مرتکب ٹھہرتا ہے، اسے پاکستان کا نمائندہ بنا کر کسی دوسرے ملک میں بھیج دینا، میری سمجھ میں نہیں آیا۔ میں وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ کیا وہ اس چیز پر روشنی ڈالیں گی کہ ایک مجرم کو سفیر بنا کر کیوں بھیجا گیا۔

سیدہ عابدہ حسین۔ سچ بات یہ ہے کہ میری سمجھ میں بھی نہیں آیا تھا کس طرح ان کو بھجوا دیا گیا۔

(مداخلت)

" UNSTARRED QUESTION AND ITS REPLY "

9. **Saifullah Khan Paracha:** Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state the details of the orginal proposal approved by the Planning Commission and the Ministry of Food Agriculture and Lievestock for the growth of SALICORNIA, indicating also the foreign assistance made available for this project and the benefits of growing this crop?

Syeda Abida Hussain: Planning Commission and MINFAL approved the Salicornia Development Pilot Project,at the Total Clost is Rs.76,000 million including F EC of Rs.36,000 million on 13.3.1996 .

The benefits by growing Salicornia are as follows:-

Highly profitable utilization of currently unproductive saline water areas and gainful usage of environmentally adverse saline water drainage.

Rehabiliation of prime agricultural lands, lost to water logging/salinity resulting in increase in the output of the Agriculture Sector.

Increased employment opportunities.

Creation of new markets ane development of agri-commodity trade opportunities.

Harnessing of desert and coastal areas for agriculture and enhancement of aviary/wildlife habitats.

In addition it can provide a uniques opportunity of strategic intervention for development of a swelf reliant edible oil industry .

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Deputy Chairman: Question hour is over. Leave applications.

خواجہ قطب الدین صاحب 12 تا 14 مئی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے اس ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ قاضی محمد انور صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر 16 مئی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جناب حبیب جالب بلوچ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر 12 تا 14 مئی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ، کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین۔مولانا سید حنیف خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 19 تا 21 مئی کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ، کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

(اس مرحلے پر جناب چیئرمین نے کرسی صدارت سنبھالی)

POINT OF ORDER

Mr. Chairman: Yes, Raza Rabbani Sahib, point of order.

میاں رضا ربانی ۔ جناب چیئرمین! شکریہ ، آپ کے توسط سے میں اس ایوان کے سامنے ایک بات رکھنا چاہتا ہوں اور وہ یہ جناب والا کہ آپ کو یاد ہوگا کہ پچھلے ہفتے میں جب question answer سیشن چل رہا تھا تو اس وقت فاضل وزیر تجارت جناب اسحاق ڈار صاحب نے ایک الزام لگایا تھا کہ مہران بینک کی رپورٹ جان بوجھ کر پیپلز پارٹی کے دور کے اندر ادھر ادھر

کر دی گئی۔ وہ رپورٹ اب وزارت قانون میں بھی دستیاب نہیں اور وہ گم گئی ہے۔ اس کے بارے میں کسی کو کچھ علم نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ۔

There is a new culture, which the honourable ministers are developing and that new culture is of passing the buck back. They are passing the buck back. This was witnessed in the statements of the honourable Minister for Food who twice, held the government of the Pakistan Peoples Party responsible for the" atta" crisis whereas, the honourable Interior Minister had something else to say.

Similarly then, Abbasi Sahib raised a question, she very promptly shifted the blame on to the Peoples Party government but Abbasi Sahib was gracious enough to clarify that, that thing happened in the Muslim League government.

Mr. Chirman: What is your point of order.

Mian Raza Rabbani: Sir, I am coming to the point. I just said this to build this up. I will just take two more minutes.

جناب چیئرمین۔ نہیں بات کریں سیدھی کہ بھئی this is my point of order باقی تمہید کی کیا ضرورت ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, if you just give me two minutes to build it.

Mr. Chairman: That is why I am saying you lose your precious two minutes in building it,

پوائنٹ بناتے ہیں تو وقت ختم ہو جاتا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, give me the time, I don't know why you are getting too edgy on this question.

Mr. Chairman: No, I am not. Point of order is a point, it is not a line.

Mian Raza Rabbani: Sir, but when it is stretched to a line then it has to be replied in a line.

Mr. Chairman: Then it is lapsed, then it breaks.

Mian Raza Rabbani: But nevertheless sir, on Saturday in all probability it was the 'Dawn', of Saturday which carried a report in which the reporter had spoken to the Minister of Law of the Caretaker Government, Mr. Fakhar-ud-Din G. Ibrahim and in that Mr. Fakhar-ud-Din G. Ibrahim said that immediately after taking oath of office the Mehran report had been asked for by the then Defence Minister, now Governor of Punjab, Mr. Shahid Hamid and that he had asked the former Attorney-General who gave him the report within a matter of hours and that the report had been given to Mr. Shahid Hamid and that it continues to be in the possession of Mr. Shahid Hamid.

جناب چیئرمین: ٹھیک ۔

Mian Raza Rabbani: Further sir, I would just like to add that I was in Karachi over the week end. I confirmed this with Mr. Fakhar-ud-Din and I took his permission that I would be quoting him on the floor of the Senate. He said yes and he further stated that prior to that the Law Secretary had rung him about three weeks ago, inquired about the report and he had informed him that he had handed over the report to Mr. Shahid Hamid who is now the Governor. So, therefore, the honourable Minister made a deliberate mis-statement by stating that the report had been misappropriated, that the report has been purposefully misplaced by the Peoples Party Government and further more sir, in a television programme two days later Senator Saif-ur-Rehman admitted that he has a copy

of the report and he is going through it. So I would most humbly, through you, request the Ministers to stop this culture of passing the back and misleading the people by saying that the report has been lost. The report is very much in their possession and it is now upto them to comply with your directions of publicising that report or laying it on the floor of the House or not.

Mr. Chairma: O.K.,

جی جناب حاجی سخی جان صاحب۔

حاجی سخی جان۔ السلام علیکم جناب۔

جناب چیئرمین۔ و علیکم السلام۔

حاجی سخی جان۔ جناب چیئرمین! میں بیمار ہوں، آغا خان ہسپتال میں، میں داخل بھی ہوں، میں جا رہا ہوں میں آپ سے اجازت لیتا ہوں۔ میں نے ٹکٹ لے لیا ہوا ہے۔ مجھے اجازت دیں۔ کل میرا آپریشن ہو رہا ہے۔

جناب میں آپ کو بتاتا ہوں ساڑھے چار لاکھ آبادی South Waziristan کی ہے، قبائل کے لوگ غریب ہیں نہ ہمیں سینٹ میں کچھ ملا ہے نہ کچھ دیا ہے۔ جو ملا تھا وہ واپس چلا گیا ہے۔ میں آپ کو request کرتا ہوں میں جا رہا ہوں۔ السلام علیکم۔

جناب چیئرمین۔ جی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت دے اور خدا ان کو خیریت سے رکھے۔ Any other point of order. عاقل شاہ صاحب آپ کچھ فرمانا چاہ رہے تھے۔

سید عاقل شاہ۔ جناب! سینیٹر رضا ربانی صاحب کے جواب میں ایک بات کرنا چاہتا تھا کہ وہ اس رپورٹ کا تو مجھے نہیں پتہ کہ وہ کہاں گئی البتہ میرے پاس ایک کیسٹ موجود ہے جو کہ شیر پاؤ کی گفتگو قدوائی صاحب کے ساتھ ہے۔ اگر وہ چاہیں تو میں ان کو دے سکتا ہوں جس سے ان کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔ جی اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا

ہوں کہ جس طرح سے دہشت گردوں کی رہائی ہو رہی ہے اسی سے میرے شہر کراچی میں دہشت گردی کے واقعات بے پناہ اور خطرناک حد تک بڑھ رہے ہیں ۔ یہ آج ہی کا کراچی کا شام کا اخبار ہے۔ ابھی میں کراچی سے آیا ہوں جناب چیئرمین! اور یہ کوئی غیر ذمہ دار اخبار نہیں ہے' کیوں کہ روزنامہ "عوام" جنگ گروپ آف پبلیکیشنز کا ایک پرچہ ہے۔ یہ پوری ذمہ داری سے بات کرتے ہیں اور حکومت کے خیرخواہوں میں سے ہیں وہ جب یہ لکھتے ہیں کہ اورنگی ٹاؤن میں بے رحم قاتلوں نے نامعلوم عورت کے چھ ٹکڑے کر دیئے لاش بوری میں ڈال کر نالے میں پھینک دی' کراچی میں دہشت گردی تین ہلاک اور اس طرح کے کئی واقعات ہیں جن سے آج شام کے کراچی کے اخبارات بھرے ہوئے ہیں۔ اس میں 5 کروڑ کی ڈکیتی کا شاہراہ فیصل کا واقعہ ہے اور پورے شام کا اخبار آگے پیچھے ہر طرف دہشت گردی اور لا قانونیت کے واقعات سے بھرا ہوا ہے۔یہ انتہائی تشویشناک بات ہے۔

جناب چیئرمین! میں چاہوں گا کہ ہمارے وزیر داخلہ اس معاملے پر ایوان کو پوری طرح سے اعتماد میں لیں کہ کیا وجوہات ہیں کہ کراچی' حیدر آباد اور خیر پور میں بھی ایسے واقعات ہوئے ہیں۔ خیر پور میں بہت بڑا واقعہ کل عزا داری کے جلوس پر حملہ اور فائرنگ ہے جس میں تین عزاداروں کی ہلاکت اور شہادت ایک انتہائی قابل مذمت واقعہ ہے۔جناب چیئرمین! سندھ میں جو اس وقت صورتحال ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ حکومت ذمہ داری لے اور ہمیں بتائے کہ دہشت گردی کی سرپرستی کرنے کے علاوہ آپ نے دہشت گردوں کے خلاف کوئی ایک قدم اٹھایا ہو تو بتائیں کیوں کہ یہ ہمارے عوام کی زندگی اور موت کا سوال ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ بڑے افسوسناک واقعات ہیں ' جب وزیر داخلہ صاحب آئیں تو ان سے بات کریں گے۔

سید اقبال حیدر۔ جی انہیں بلایا جائے۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب قطب الدین صاحب۔

خواجہ قطب الدین۔ جناب والا! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جس وقت ان کی حکومت تھی تو یہ کراچی میں بڑا مشہور تھا کہ a dozen a day normal بات ہوا کرتی تھی کہ 12 سے 24 آدمیوں کا مرنا معمول کی بات تھی۔ شام کے اخبار بلکہ صبح کے تمام اخبار جو سرخی لگایا کرتے

تھے وہ ایک abnormality, normal abnormality شہر کے لئے بن گئی تھی اور لوگ اسی طریقے سے اپنی زندگی بسر کر رہے تھے۔ میں تو یہ سمجھوں گا کہ محرم کے زمانے میں 9 اور 10 کی تاریخوں میں گورنمنٹ کے بڑے strict measures کی وجہ سے دہشت گردی کے واقعات میں بہت کمی واقع ہوئی ہے اور جن اخباروں کا یہ ریفرنس دے رہے ہیں اور آگے پیچھے پلٹا رہے ہیں کہ اخبار بھرے ہوئے ہیں ، میں بھی وہ اخبار پڑھتا ہوں ، کراچی سے آیا ہوں ، میرے خیال سے کراچی میں اس محرم میں کافی دہشت گردی پر کنٹرول کیا گیا ۔ بہرحال میں یہ سمجھتا ہوں کہ لاء اینڈ آرڈر کی improvement میں بہت گنجائش ہے اور گورنمنٹ لاء اینڈ آرڈر کی improvement کے لئے حکومت باقاعدہ کوشاں ہے۔ انشاء اللہ یہ لوگ دیکھیں گے کہ بہت جلد لاء اینڈ آرڈر کراچی میں اور سارے پاکستان میں بہتر ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ جی مشاہد صاحب۔

Mr. Mushahid Hussain: Sir, the credit goes to the Government that notwithstanding the tensions which have been there earlier that by the grace of Almighty Allah and the strict precautions taken by the Federal and the Provincial Governments, by and large in the country during the occasion of Ashoora, there was no major or untoward incident barring the unfortunate assasination of a gentleman in Gambut and report which the honourable member of Parliament is referring to are accumulative toll of stray incidents and I would like to remind him that during the term of their government they had even banned the evening papers for publishing the truth.

Mr. Chairman: Yes, Rafique Sahib.

Shaikh Rafiq Ahmed: Sir, when our friends speak on the subject, they just fail to realize that during their earlier government they even had to resort to Army operation and the present Prime Minister and the then President is on record to have stated that " as we have not been able to control the Karachi

situation, I am going to sacrifice 14 votes in the National Assembly and there are 14 votes and the 14 votes are very important and" And then the Army operation started and all the arrests of which Sheikh Aftab Ahmed and other speak, they have all happened during their earlier government and Mr. Aftab Sheikh was very clear when he was speaking on the subject

کہ پانچ ، چھ سال سے یہ لوگ گرفتار ہیں

If we just go back 5 or 6 years then who was the Prime Minister and was in the Government of Sindh, whether it was Jam Sadiq or it was Muzaffar and it was the Prime Minister Mian Nawaz Sharif here and even their Army operation did not succeed. There was a miserable failure to control the situation in Karachi and we are proud that we sent back the Army. We used the civil administration and then at least for the last 2 years before the Caretaker took over, Karachi and Sindh have been very peaceful.

جناب چیئرمین۔ جی عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی: جناب میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ہم نے کچھ تحاریک استحقاق اور التوا اور توجہ دلاؤ نوٹس بھیجے ہوئے ہیں، آپ سے میں پوچھنا چاہوں گا کہ یہ کب-----

جناب چیئرمین: یہ اس قسم کے معاملات ہاؤس میں نہیں اٹھائے جاتے، آپ مجھے چیمبر میں مل لیں۔ جی جناب ملک عبدالرؤف صاحب۔

ملک عبدالرؤف: میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ایک تو آپ کے بغیر مزا نہیں آیا۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ پرسوں کے اخبار کے مطابق شون گروپ، جو احتساب کی زد میں آیا ہوا تھا اور اس کے بہت سے ذمہ دار لوگ بھاگ کر باہر لندن چلے گئے تھے، انہوں نے ایک سو اکہتر کروڑ روپے وہاں سے ٹیلی فون کے ذریعے حکومت کو واپس کرنے کا کہا ہے۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے جی کہ احتساب اس کو کہتے ہیں، ہماری حکومت نے یہ احتساب کیا۔ جو ان کے ساتھ بہت بڑے مگرمچھ تھے، جن کے اربوں روپے باہر پڑے ہوئے ہیں، تو میں یہ آپ کے توسط

سے وزیر اعظم سے گزارش کروں گا کہ وہ اربوں روپے، باہر کے ملکوں میں جو بنکوں میں پڑے ہوئے ہیں، وہ احتساب کے ذریعے واپس ملک میں لائیں، تاکہ یہ ہمیں نہ کسی سے مانگنے پڑیں اور نہ اقتصادی حالت کے سلسلے میں ہمیں کچھ تکلیف ہو۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔ جی جناب اکرم شاہ صاحب۔

جناب اکرم شاہ خان: جناب چیئرمین! کچھ دن پہلے جناب مشاہد حسین صاحب نے یہاں پر ہاؤس میں ایک بیان دیا تھا جس میں انہوں نے تفصیل سے مسلم لیگ کا سیاسی کلچر بیان کیا تھا۔ جو کہ بڑا حوصلہ افزاء تھا اور ہمیں امید ہو چلی تھی کہ انشاء اللہ یہاں پر اب سیاست میں ایک اچھا اور مثبت قسم کا کلچر پروان چڑھے گا لیکن جناب چیئرمین! پچھلے چند دنوں سے اخبارات میں، اب یہ جناب ایک ذمہ دار اخبار ہے 17 مئی کا۔ اس سے پہلے اور اس کے بعد جناب چیئرمین! اخبارات میں جو خبریں آرہی ہیں یہ اب سیکس اسکینڈل، تو یہ بالکل اخباروں کی حالت ایسی ہوگئی ہے کہ آپ اس کو گھر میں پڑھ ہی نہیں سکتے۔ روز اخباروں میں دو تین ایسی سرخیاں آتی ہیں جو کہ انتہائی خرافات ہوتی ہیں یا فحش کہوں۔ تو اس میں میری گزارش ہوگی مشاہد حسین صاحب سے کہ انہوں نے جو اسٹیٹمنٹ دی تھی وہ بڑی اچھی اسٹیٹمنٹ تھی اور ہمیں بڑی امید تھی کہ اب یہاں پر واقعی ایک اچھا سیاسی کلچر پروان چڑھے گا۔ یہ ایک ہفتے سے اخبارات میں جو خبریں آ رہی ہیں، تو ہماری ان سے درخواست ہے کہ وہ مہربانی کرکے اس کو روکیں ورنہ یہ تو بہت کام خراب ہوجائے گا۔

Mr. Chairman: Mushahid Hussain sahib, would you like to say something?

جناب مشاہد حسین: جناب چیئرمین! ہمارے اخبارات کو مکمل آزادی ہے اور حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ اخبارات میں جو چھپتا ہے، they are free to publish what they want.

Mr. Chairman: Thank you. No point of order now. Next is item No.3.

جی جناب رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Sir, this is not a point of order but on the last

day, you were kind enough to say that today you would let me conclude my.......

Mr. Chairman: Yes, I will do that before the end of the day. I think,

let's say around 8.15 P.M. I will hear you. ابھی بجے ہیں کوئی پونے سات'

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب میری عرض صرف یہ ہے کہ آپ مہربانی کرکے اس مسئلے کو conclude کریں۔ جناب آپ صرف رضا ربانی صاحب کی تقریر کو conclude نہ کریں بلکہ اس پورے مسئلے کو conclude کریں اور کوئی نہ کوئی decision دیں۔ جناب بہت دیر ہوگئی ہے' اور اب لگ یہ رہا ہے کہ اس مسئلے کو خوا مخواہ پیچھے پیچھے کرتے جا رہے ہیں اور معاملے کو سلجھایا نہیں جارہا بلکہ معاملہ اور الجھ رہا ہے۔

Mr. Chairman: We will try, we will try our best.

is it final now. Can we go ahead with that. اچھا اس سے پہلے' I think یہ کمیٹیوں کا معاملہ آج

راجہ محمد ظفر الحق: جی ہاں جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جناب۔ وہ جو motion move ہو گا' اس کی کاپی مجھے دے دیں۔

راجہ محمد ظفر الحق: اس کی نقل میرے پاس نہیں ہے جناب۔

جناب چیئرمین: اچھا چلیں مجھے دکھا دیں یہ کیا ہے۔ پھر آپ پڑھ کر مجھے دے دیں۔ تو یہ وزیر move کریں گے۔

راجہ محمد ظفر الحق: میں کردوں گا۔

جناب چیئرمین: اچھا ٹھیک ہے۔

Motion Re: Election of Chairman Committees.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, with your permission, I beg to move that Members of the Senate Standing Committees, Functional Committees

and Committee on Rules of Procedure and Privileges and Senate Finance Committee may be elected as per list placed on the table of the House. I further move that the vacancies in various committees, including the exchanges of membership, may be filled, as the case may be, by authorizing the Chairman who will do it in consultation with the Leader of the House and the Leader of the Opposition.

جناب چیئرمین: changes committees میں کئی دفعہ ہوتی ہیں کہ جی مجھے یہاں سے چھوڑ کر یہاں ڈال دیں۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین rules کے خلاف ہے۔

(interruption)

Mr. Chairman: It has been moved by Raja Muhammad Zafarul Haque, the Leader of the House that members of the Senate Standing Committee, Functional Committee, Committees on Rules and Procedure and Privileges and Senate Finance Committee may be elected as per list placed on the table of the House.

Raja Zafarul Haque, the Leader of the House has further moved that the vacancies in various committees, including exchanges of membership may be filled at a later stage and that this House may further authorise the Chairman Sentate to allow such vacancies to be filled or exchanged in consultation with the Leader of the House and the Leader of the Oppostion.

(The motion was adopted)

Mr. Chairamn: The Committees stand elected as per list placed on the table of the House.

جناب چیئرمین۔ آئٹم نمبر 3، انور بھنڈر صاحب۔ کیا یہ motion already move ہو چکا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! یہ move ہو چکا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ اب اس کا کیا ہونا ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ اس کے متعلق سرتاج عزیز صاحب نے جواب دینا تھا اور اسی لئے یہ defer ہوا تھا۔ یہ اس بنا پر defer ہوا تھا کہ آن کا کہنا تھا کہ اس پر مزید غور کر لیتے ہیں۔ اب آج پتہ نہیں ہے کہ کیا پوزیشن ہے۔ یہ ایک بل ہے ۔ اگر یہ بل متعلقہ سٹینڈنگ کمیٹی کو refer ہو جائے تو اس کو ہم سٹینڈنگ کمیٹی میں بھی دیکھ سکتے ہیں ۔اس کی اجازت دے دی جائے تو وہاں فاضل وزیر خزانہ بھی ہوں گے اور اس پر سیر حاصل بحث ہونے کے بعد اس کی رپورٹ ہاؤس میں آ جائے گی۔ میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس کی اجازت دے دی جائے۔

جناب چیئرمین - اس کی leave grant کر دی جائے - on behalf of the Government anybody who would like to respond to this.

میاں رضا ربانی۔ جناب والا! آپ خود گورنمنٹ کی طرف سے دیکھ لیں کہ

There is a Bill which has been moved by an honourable member. There is no Minister, even a Minister inchange, to look after that Bill. This is the state of the Ministers that they are not bothered as to what business is taking place in the House and then they turn around and say that we are interested in legislation.

جناب چیئرمین۔ راجہ صاحب! یہ بل انور بھنڈر صاحب نے move کیا ہے۔ this is regarding a Bill to fix the limit of provincial taxes in respect of professions,etc. تو اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے کون جواب دے گا ۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ میرے خیال میں ابھی تک سرتاج عزیز صاحب ہاؤس میں تشریف نہیں لائے ہیں ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ آپ تشریف رکھیں ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ تشریف رکھیں۔ میں آپ کی بات سنتا ہوں۔ پہلے اس معاملے کو نپٹا لیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ پوائنٹ آف آرڈر، مجھے موقع دیا جائے۔ میں اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ آپ تشریف رکھیں۔

میاں رضا ربانی۔ اگر لاء منسٹر ہوتا تو وہ اس مسئلہ کو نپٹا لیتا۔ ہاؤس میں لاء منسٹر ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین۔ اگر حکومت کی جانب سے کوئی اپوزیشن نہیں ہے تو I will put it to the House.

(مداخلت)

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جب حکومت کی جانب سے اپوزیشن ہی نہیں ہے تو پھر leave grant فرما دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہے۔ Three speakers are speaking at the same time-

Raja Muhammad Zafar-ul-Haque: Mr. Chairman, sir, we do not oppose this motion.

Mr. Chairman: O.K. Anwar Bhinder Sahib in the absence of opposition, does it automatically go to the committee

یا مجھے motion move کرنا پڑے گا۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ میرا خیال یہ ہے کہ اگر اپوزیشن نہیں ہوتی ہے تو automatically leave stands granted۔ اگر آپ put کرنا چاہتے ہیں تو put کر دیں۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ کیا یہ بل کمیٹی کو واپس جائے گا یا ہاؤس کو۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ یہ کمیٹی کو واپس جائے گا۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ ٹھیک ہے۔ کمیٹی کو واپس جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ Rules اس سلسلے میں کیا کہتے ہیں۔

Sisnce the motion is not opposed, this Bill is referred to the Standing Committee concerned.

جی جناب صفدر عباسی صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! مجھے اس سلسلے میں عرض کرنا ہے کہ اسے اب refer کرنا ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔ آپ پیش کریں item No.4, move for leave,please

INTRODUCTION OF THE BILL RE: THE PROFESSIONAL TAX LIMIT, 1997

Ch. Mohammad Anwar Bhinder: Sir, I beg to introduce a bill to fix the limit of the Provincial taxes in respect of the professions etc. under Article 163 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, The Professional Tax Limit Bill, 1997.

Mr. Chairman: The bill stands introduced and stands referred to the Standing Committee concerned.

جی عباسی صاحب فرمائیے

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب وزیروں کی pampering بہت ہو چکی ہے -----

جناب چیئرمین۔ کیا ہو چکی ہے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ Pampering آپ ان کی جتنی بھی مدد کر سکتے تھے ، آپ مدد کرتے رہے۔ ابھی کی ، آج بھی کی -----

جناب چیئرمین۔ کیا میں-----

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میری پوری بات سن لیں۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں ان کا ہنی مون پیریڈ بھی over ہو گیا ہے۔ کم از کم خدا کے واسطے ان کو کچھ کہیں۔ وہ جو نیند میں پڑے ہیں وہ اٹھیں۔ خود ہاؤس کو conduct کریں۔ آپ کب تک ان کی مدد کریں گے۔

Mr. Chairman: I think you are quite right. Raja Sahib, I think the Ministers ought to take the business of the House more seriously. There are bills on the agenda of the House and I think, the Ministers concerned should take responsibility . I think it is high time that they realize that they have a responsibility to the House

راجہ محمد ظفر الحق۔ یہ دن بھی آنا تھا کہ اس سائیڈ سے یہ کہا جائے کہ ہم جاگیں، حالانکہ وہ ابھی تک سوئے ہوئے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ ہمارا وزیر کم از کم موجود ہوتا تھا ۔ میاں رضا ربانی سارا دن بیٹھے رہتے تھے۔ کدھر ہے آپ کا لاء ایڈوائزر، وہ بیٹھتا ہی نہیں ، وہ سارا دن ادھر ادھر سیر کرتا ہے۔ Our Minister, you saw that ہمارا وزیر بیٹھا ہوتا تھا? what is he doing?

FURTHER DISCUSSION ON RESOLUTION Re: PREPARATION AND APPROVAL OF LIQUIDATION OF DEBTS POLICY

جناب چیئرمین ۔ آپ کا پوائنٹ valid ہے It is being well taken, it is being well received but I do not think you should loose temper on this. آپ کو تو خوش ہونا چاہیئے۔ Next item is item No.5. Resolution moved by Ch. Mohammad Anwar Bhinder

sahib. اس پر already بحث ہو رہی ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ اس پر بحث ہو رہی ہے ۔ اس پر کچھ تقریریں ہوئی تھیں۔ باقی بحث جاری ہے ۔ آج بحث ہو گی۔

جناب چیئرمین۔ رفیق احمد شیخ صاحب ' بھنڈر صاحب آپ کی تقریر ہو چکی ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جی ہو چکی ہے ۔ سب سے پہلے بولا تھا۔

Mr. Chairman: Any other person who would like to speak on this Resolution regarding.....,

Mr. Jamil-ud-Din Aali: I would like to speak sir.

جناب چیئرمین۔ فرمائیے عالی صاحب۔

Mr. Jamiluddin Aali: I beg to say sir, before this House that it is not possible for the government that all agreements should be placed before the Parliament for approval before they are finally executed. Actually, I am picking this point from my friend Khawaja Sahib from Karachi. He raised this point even that day and I think the debate had been concluded on that, that when the government does go into contract with various parties including government banks and international agencies about loans, the matters are so delicated sometime and the things are so complicated and the time is so short, mostly time is short when they go for loan that they cannot bring the matter to the House and get the approval from both the Houses. This is not the only House that they will come to take the approval from. They will have to go to the National Assembly also and for that there is no time. Nobody in the world is going to wait that long that we go and beg for their loan but on the condition that we shall first get the approval of our Senate and of our National Assembly and after that the Cabinet

will approve and we shall come back to you for finalization of contract. That is not done in the whole world by any country and it is not practically possible. I have submitted my point very shortly and precisely sir. So I beg to oppose.

جناب چیئرمین- قطب الدین صاحب -

Khawaja Qutabuddin: Actually, previously also I had stated that there is a lot of competition in the international world for the money that is available. This is an extremely sensitive matter and people are competing with each other. If we try and discuss that issue in the Senate and make it public then it willbe very difficult for the government to contract loans from the loan giving agencies. Further the loan giving agencies also have got their own rules and regulations which prohibit them from making things public and that also have gotto be taken into consideration. The other point which this resolution says that the Senate recommends that the government may prepare a policy for the liquidation of all debts. This is a good resolution as far as this part is concerned. But the government, whenever contracts any loan, there is a provision that when the loan has got to be returned, how much is the debt servicing. What is the period of the loan and when the loan has got to be returned? I don't think Govt. of Pakistan has ever defaulted on returning the loans or making the payments. So I feel that this part also, although it is noble in objective but it seems to be redundant from the mere fact that whenever you enter into any loan agreement, there is also provision that when you have got to return the loans and this question arises only when government of Pakistan is defaulting on its loan and there is a huge backlog of the loans which have got to be retired. Of course, this can be said about the domestic debts. For the domestic debts which have

gone out of hand. The government must, I think must, make a policy to continuously, over period of time, retire the domestic debts. The present position is that we are only borrowing to pay or to do the debt servicing on the domestic debts which has gone beyond the control of the Government. So as far as the domestic debts are concerned, may be this portion of the resolution is more relevant. Thank you sir.

Mr.Chairman: O.K. Any body else on this resolution.

راجہ صاحب اس resolution کا کیا کرنا ہے ' آپ کچھ کہنا پسند فرمائیں گے ؟یہ نمبر 5 پر ہے انور بھنڈر صاحب کی ہے۔

راجہ محمد ظفر الحق۔جناب چیئرمین! یہ issue بڑا اہم ہے اور حکومت پاکستان بنیادی طور پر اس بات سے اتفاق کرتی ہے کہ ایسا پلان بنایا جائے کہ جتنے بھی آج تک قرضے ہیں ان کی ادائیگی کا کوئی اہتمام ہونا چاہئیے اور اسی کے لئے وزیر اعظم صاحب نے جو قرض اتارنے کے لئے' debt retirement کے لئے لوگوں سے بھی اپیل کی تھی۔ باقی بھی ساری جو پلاننگ ہے وہ اسی سلسلے میں ہے' کیبنٹ کی میٹنگز اور کئی اور لوگوں کو associate کیا ہوا ہے ۔ وہ بھی سارا اسی مقصد کے لئے ہے کہ یہ جو اتنا بڑا debt burden ہوگیا ہے قوم کے اوپر ' اسے کسی طریقے سےختم کیا جائے اور اس میں جو بھنڈر صاحب نے قرارداد دی ہے حکومت انہی لائنز کےاوپر ایک پلاننگ کے تحت کام کر رہی ہے۔ یہ ایک National agenda ہے۔ سب سے زیادہ وزیراعظم صاحب نے اس پر زور دیا تھا وہ بھی اپنی پہلی تقریر میں ' اسی بنیاد پر دیا تھا ۔ آگے جو قرارداد کا دوسرا حصہ ہے کہ آئندہ جو agreements ہوں وہ اس ہاؤس یا پارلیمنٹ کو lay کئے جائیں ۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ قوم کو اس سے باخبر رکھا جائے ۔We have nothing to hide جو کچھ بھی agreement ہوتے ہیں loans وغیرہ ' وہ ا{؟ ہے ۔ اس لئے وہ اگر ہاؤس میں رکھے جائیں تو اس میں کوئ

, you should have put it to the House now?

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Yes.

Mr. Chairman: Yes Mr. Qutabuddin.

Khawaja Qutabuddin: It is a very sensitive matter. The question that we should lay open before this House whatever has been transpired, there is no objection to that. After the loans had been contracted, of course, that can be kept before the House. But what the resolution seeks is that before the loan is taken and finally executed.

جناب چیئرمین- نہیں ، نہیں ، یہ نہیں ہے - یہاں تو لکھا ہوا ہے کہ جو liquidation of
debts کے بارے میں agreements ہوں گے - the Senate recommends that the government
may prepare a policy for the liquidation of all debts and in all future agreements on
this behalf یعنی liquidation کے بارے میں جو agreements ہوں گے -

Khawaja Qutabuddin: O.K. Its well taken sir.

Mr. Chairman: So I put the Resolution to the vote of the House.

"It has been moved by Mr. Mohammad Anwar Bhinder that the Senate recommends that the government may prepare a policy for the liquidation of all debts and in future all agreements in this behalf may be laid before the Parliamentfor approval before they are finally executed".

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Next item No.6. Ch. Mohammad Anwar Bhinder.

چوہدری محمد انور بھنڈر - جناب والا! میں آپ سے اور ہاؤس سے یہ استدعا کرنا چاہتا ہوں کہ پیشتر اس کے کہ یہ آئیٹم لیا جائے میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا آئیٹم نمبر ۱۷ کی طرف- آئیٹم نمبر ۱۷ ایک فارمل سا آئیٹم ہے -

جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے رولز آف پروسیجر میں Sunday ہمارا non official day ہوا کرتا تھا اور اب چونکہ Sunday چھٹی ہے، ظاہر ہے کہ Sunday non official

day نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میں نے رولز میں اس حد تک ترمیم کرنے کی جسارت کی ہے کہ اب Sunday کی بجائے وہ Tuesday ہوا کرے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہو گا۔ جہاں تک باقی رولز کا تعلق ہے ہم اس پر بھی exercise کر رہے ہیں۔ آپ کی ہدایت کے مطابق میں نے ایک consolidated تجویز تیار کی ہے اور اس پر ہم غور کر کے پھر پیش کریں گے لیکن جناب میں نے یہ گزارش کرنا ہے کہ یہ آئٹم نمبر 17/18 اور 20 جو ہیں ان کو اگر پہلے لے لیا جائے' یہ ایک formality سی ہو گی تاکہ آئندہ ہمارا نان آفیشل ڈے جو ہوگا وہ Tuesday کو آیا کرے گا 'اور میں نے Tuesday کا انتخاب اس لئے کیا تھا کہ ہمارے سابقہ رولز میں Sunday تھا یعنی جمعہ کو چھٹی ہوتی تھی ایک دن چھوڑ کر اس کے اگلے روز ہمارا آفیشل ڈے ہوتا تھا۔

(اور اس دوران نماز مغرب کے لئے اذان کی آواز سنائی دی)

جناب چیئرمین - چلیں In the mean time discuss بھی کر لیں ' The House is adjourned for 15 minutes

---

(The House adjourned for prayers)

(وقفہ نماز مغرب کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت چیئرمین جناب وسیم سجاد دوبارہ شروع ہوئی)

جناب چیئرمین : جی بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ رولز کی ترمیم کی آئیٹم ہیں اور یہ ہیں جناب آئیٹم نمبر ۱۷' ۱۸' ۱۹ اور ۲۰۔ یہ controversial سے ہیں اور ٹیکنیکل سے ہیں۔ یہ اگر پہلے لے لئے جائیں اور یہ amendments of rules کر دیئے جائیں تاکہ ہم non official day منگل کا کر دیں گے کیونکہ اتوار کو چھٹی ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اتوار کو اب کام نہیں ہو سکتا اور ہمارے رولز میں تو اتوار لکھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین : اچھا جو پریکٹس ہے ہم سوموار کو کر رہے ہیں۔ تو آپ سوموار کی بجائے منگل کو کیوں ترجیح دے رہے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے۔ یعنی ابھی جو پریکٹس ہے وہ یہ ہے کہ

اتوار کے بعد آج سوموار کا دن ہے تو آج ہم کر رہے ہیں۔ تو آپ نے منگل کیوں کہا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب چیئرمین! حکومت کو صرف ایک دن مل جاتا ہے ہفتے کا پہلا دن۔ میں تو اس لئے کہہ رہا ہوں کہ وہ اسی sequence کے ساتھ کہ جب جمعہ کو چھٹی ہوتی تھی تو ہفتے کو چھوڑ کر اتوار کو ہوتا تھا۔

جناب چیئرمین: وہ اس لئے کہ ہم جمعہ اور ہفتہ چھٹی کرتے تھے۔ پہلے یہ تھا کہ ہم ۲ دن کا وقفہ کرتے تھے۔ ٹھیک ہے رضا صاحب آپ کا کیا تجربہ ہے۔ I am just wanting to know کہ بھنڈر صاحب نے تجویز کیا ہے کہ Tuesday as a private Members day. So far we are following Monday as a private Members day. تو What is the advantage, comparative advantage of Senate.

Mian Raza Rabbani: Sir, I think there is no advantage as such , he has just, probably tried to keep the tradition that was there before that it used to be Sunday and there used to be a day in between.

جناب چیئرمین۔ نہ ہم چھٹی کرتے تھے On Thursday and Friday. -

Mian Raza Rabbani: Yes, sir, Thursday and Friday.

Mr. Chairman: Yes, we would work on Thursday تو اس لئے next day کرتے تھے۔ یعنی Friday and Saturday کو چھٹی کرتے تھے اور پھر Sunday کو we had had private member's day اب اس میں راجہ صاحب سے مشورہ کر لیتے ہیں کہ what is more appropriate راجہ صاحب یہ بھنڈر صاحب نے amendment میں move کی ہے اس میں سوال یہ ہے کہ انہوں نے suggest کیا ہے کہ Private Member's Day اس وقت ہم Monday کو کر رہے ہیں as a matter of practice تو اس میں comparative advantage, disadvantage کو دیکھنا ہے۔ نیشنل اسمبلی میں تو Tuesday ہے۔ راجہ صاحب what is better, I don't know.

Mian Raza Rabbani: Otherwise, we can, with Bhinder Sahib

permission, move an amendment.

کہ Tuesday کویا Monday کو کر لیں۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں مطلب یہ ہے کہ سوچ لیں what is better, I am just suggesting to you کہ یہ میرے ذہن میں تھا کہ اس میں فائدہ کیا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ میں نے تو جناب یہ کیا ہے کہ اس وقت rule میں Sunday ہے اور Sunday کو تو ظاہر ہے چھٹی ہے اور یہ نہیں ہو سکتا تو اس کی amendment کے لئے میں نے کہا کہ گورنمنٹ کو ایک دن اور week شروع ہونے سے Monday مل جائے گا اور Tuesday کو non-official day آ جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ تو اس طرح کر لیتے ہیں کہ اس item کو کل لے لیا جائے we can take it up tomorrow

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین۔ اس اثناء میں آپ یہ مشورہ کرلیں کہ کونسا بہتر رہے گا کہ اس کا فائدہ نقصان کیا ہے اور دیکھ لیں کہ اس کا impact کیا ہوگا کیوں کہ نیشنل اسمبلی میں it is Tuesday

